دی سٹی اسکول
پی اے ایف چیپٹر
جونئیر سیکشن

اردو ورک شیٹ ۔ کلاس چہارم

نام: ------------------------- Class 4-___ تاریخ : ____________

تفہیم

آج سے بہت سال پہلے کی بات ہے ایک ملک کے گورنر جنرل ایک ضروری میٹنگ میں شرکت کرنے جا رہے تھے ۔ ان کے ساتھ ان کے اے ڈی سی بھی تھے جن کا نام احسن تھا ۔ راستے میں گاڑی کو ایک ریلوے کراسنگ سے گزرنا تھا ۔ ریل کے آنے کا وقت ہو گیا تھا ۔ احسن صاحب نے کہا سر میں ریل رکوا دیتا ہوں تاکہ پہلے آپ کی گاڑی گزر جائے ۔ گورنر جنرل نے کہا ہر گز نہیں ریل گاڑی پہلے گزرے گی میں رک کر اپنی باری کا انتظار کروں گا ۔ اگر قانون بنانے والے ہی قانون توڑیں گے تو پھر عام لوگ قانون کا احترام کیسے کریں گے ۔ جب ریل گاڑی گزر گئی اور جانے کے لیے پھاٹک کھلا تو عام لوگوں کی گاڑی کے ساتھ ہی گورنر کی گاڑی بھی آگے بڑھی ۔ دوستوں کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ کس ملک کے گورنر جنرل تھے ۔ یہ عظیم انسان ہمارے پیارے قائد اعظم تھے جو پاکستان کے پہلے گورنر جنرل تھے ۔ اگر ہم بھی انکی طرح اپنی باری کا انتظار کریں اور اپنے ملک کے قانون کا احترام کرنا سیکھ لیں تو انشاء اللہ ہمارا ملک بھی دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں سے ایک ہوگا ۔

سوال ۱۔ عبارت غور سے پڑھ کر درج ذیل سوالوں کے جواب دیں ۔

۱۔ گورنر جنرل کہاں جا رہے تھے ؟ ---------------------------------------

۲۔ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کا نام کیا تھا ؟ -------------------------------

۳۔ احسن صاحب کو قائداعظم نے کیا جواب دیا ؟ -------------------------------

۴۔ احسن صاحب کون تھے ؟ ------------------------------------

۵۔ قائداعظم کی اچھی باتوں سے آپ نے کیا سیکھا ؟ -------------------------------

سوال ۲۔ جملے بنائیے ۔

۱۔ انتظار: ---

۲۔ احترام: ---

۳۔ وقت : ---

۴۔ عظیم : ---

۵۔ قانون : ---